# فوائد الفواد میں مباحث حدیث

محمد سعید شیخ

سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی ذاتِ گرامی ہند و پاک کی روحانی اور تہذیبی تاریخ میں ایک جامع کمالات شخصیت ہے، ایسی دلآویز ہستیاں تاریخ بشریت میں خال خال ہی پیدا ہوتی ہیں۔ آپ علیہ الرحمۃ ایک صوفی باصفا ہی نہیں تھے جس نے تصوف اسلامی کی تمام خوبیوں کو اپنی سیرت کے آئینے میں دکھا دیا بلکہ ایک نکتہ رس فقیہ، محدث، مفسر، محقق اور ادبیاتِ عربی و فارسی کے متبحر عالم، شاعری اور تاریخ وسیر پر گہری نظر رکھنے والے نہایت ہی وسیع المطالعہ اور باخبر انسان تھے۔ یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ان کی مبارک زندگی کی بہت سی تفصیلات تاریخ میں محفوظ رہ گئیں اور ان کے خدام وخلفاء کی بدولت دوسرے بزرگان سلسلہ کے حالات وملفوظات بھی ہم تک پہنچ گئے۔

حضرت نظام الدین اولیاء علیہ الرحمۃ کے حالات وملفوظات پر کئی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے چند قدیم ترین ماخذ درج ذیل ہیں:

**(۱) فوائد الفواد:**...... ملفوظات حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ، جمع کردہ امیر حسن علاء سنجریؒ، اس کے پانچ حصے ہیں، جن میں ۱۸۸ مجلسوں کا حال ہے، ان میں حضرت کے ارشادات وملفوظات کو قلم بند کیا گیا ہے۔

**(۲) قوام العقائد:**...... مرتبہ محمد جمال قوام نبیرہ شمس العارفین دہلوی، یہ کتاب یکم محرم ۷۵۵ھ کو شروع کی گئی اور ۷ رجب ۷۵۵ھ کو اختتام تک پہنچی، یعنی اس کی جمع وتالیف میں ۱۸۴ دن صرف ہوئے، اس میں حضرت کے حالات وملفوظات ہیں جن کا ایک حصہ تو وہی ہے جو فوائد الفواد، سیر اولیا، درر نظامی اور خیر المجالس میں ملتا ہے۔ کچھ باتیں نئی بھی ہیں۔

**(۳) سیر الاولیاء:**...... یہ مشہور کتاب سید محمد مبارک علوی کرمانی (م: ۷۷۰ھ) کی تالیف ہے جو عام طور پر ''امیر خسروؒ'' کہلاتے ہیں۔ اس خاندان کے روابط حضرت بابا فرید اور حضرت نظام الدین علیہما الرحمۃ والرضوان سے بہت قدیم

اور بہت استوار رہے۔

امیر خسرو کے دادا سید محمد کرمانی اجودھن (پاکپتن) میں بھی رہے اور دہلی میں حضرت نظام الدین اولیا علیہ الرحمۃ کے ساتھ بھی اس وقت سے رہے جب آپ غیاث پور میں منتقل نہیں ہوئے تھے۔

امیر خسرو نے جب سیر الاولیاء مرتب کی اس وقت ان کی عمر پچاس سال ہو چکی تھی۔اس میں اپنے مشاہدات کے علاوہ انہوں نے اپنے دادا، والد اور چچا سے روایات اخذ کی ہیں۔انہوں نے حتی الوسع بہت احتیاط اور ذمہ داری کے ساتھ لکھا ہے۔تذکرۂ اولیائے پاک وہند کی یہ قدیم ترین اور مستند ترین کتاب ہے۔اس میں دس ابواب ہیں، آخری باب میں حضرت کے ملفوظات کا انتخاب بھی دیا ہے۔

**(۴) دُرر نظامی:**......مؤلف علی بن محمود جاندار، یہ بھی ایک قدیم ماخذ ہے، اس میں حضرت کے ملفوظات اور تعلیمات کو ۳۰ ابواب میں تقسیم کر دیا گیا ہے، اس کا بڑا حصہ تو سیر الاولیاء اور فوائد الفواد میں مشترک ہے، کچھ مواد ایسا ہے جو صرف اسی کتاب میں ملتا ہے۔

حضرت نظام الدین الاولیاءؒ کے ملفوظات کے کچھ اور مجموعے بھی مرتب ہوئے۔ان میں سے بعض کی اصلیت مشترک ہے۔

**فوائد الفواد کی چند نمایاں خصوصیات:**......فوائد الفواد کی چند نمایاں خصوصیت درج ذیل ہیں:

(۱)......صحت زبان، صحت روایت، حسن اسلوب اور حجیت کے اعتبار سے کسی صوفی درویش کے ملفوظات کا پہلا مجموعہ ہے جو ایک خاص نہج پر اور تاریخ وار مرتب ہوا ہے، ایسا کوئی مکمل ملفوظ اس سے پہلے موجود نہ تھا جسے فوائد الفواد کے لئے نمونہ بنایا جاتا۔فوائد الفواد نے پہلی بار "ملفوظ لٹریچر" کے لئے ایک مثالی نمونہ پیش کیا اور بعد میں جمع ہونے والی ملفوظات کی بہت سی کتب کے لئے اس سے رہنما خطوط ملے۔

(۲)......امیر حسن نے حتی الوسع اس کا اہتمام کیا کہ جو لفظ حضرت کی زبان مبارک سے سنیں اسے بعینہٖ باقی رکھیں۔ اگر لکھتے وقت کوئی لفظ چھوٹ جاتا تھا تو وہ جگہ خالی چھوڑ دیتے اور جب حضرت علیہ الرحمۃ ان اوراق پر نظر ثانی فرماتے تھے تو خالی جگہوں کی بھی خانہ پری کر دیتے تھے۔اس سے پہلے یہ شرف ملفوظات کے اور کسی مجموعے کو حاصل نہیں ہوا تھا جس میں الفاظ شیخ کو بعینہٖ لکھنے کا اہتمام کیا گیا ہو اور پھر شیخ نے اس پر نظر ثانی بھی کی ہو۔

حضرت حسن علاء سنجری کہتے ہیں کہ ایک روز میں نے بحکم شیخ فوائد الفواد سے جمع کی ہوئی پہلی جلد خدمت میں لے گیا، مطالعہ فرمانے کے بعد پسندیدگی کا شرف عطا فرمایا اور ارشاد فرمایا:

"اچھا لکھا ہے اور درویشانہ لکھا ہے، نام "فوائد الفوائد" (دلوں کے فائدے) بھی اچھا رکھا ہے"۔

(۳)......حضرت نظام الدین اولیاء علیہ الرحمۃ عربی و فارسی ادبیات کا اعلیٰ درجے کا ذوق رکھتے تھے، خود شاعر بھی

مکتبۃ البشریٰ
شعبہ نشر واشاعت
چوہدری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کراچی پاکستان

# بحمدہ تعالیٰ قرآن کریم، درسِ نظامی ودیگر دینی مطبوعات

## • عمدہ کاغذ • رنگین طباعت • اعلیٰ جلد • مناسب قیمت

## فہرست کتب درس نظامی (رنگین)

مارچ 2011

| الصف الثامن | قیمت | تعداد | مجموعہ |
|---|---|---|---|
| الصحيح للبخاري (مجلد) | | | |
| الصحيح لمسلم (٧ مجلدات) | 1200 | | |
| موطأ إمام مالك (٣ مجلدات) | 750 | | |
| موطأ إمام محمد (٢ مجلدين) | 420 | | |
| الجامع للترمذي (مجلد) | 1200 | | |
| خصائل نبوی شرح شمائل ترمذی (مجلد) | 265 | | |
| **الصف السابع** | | | مجموعہ |
| مشكاة المصابيح (٤ مجلدات) | 780 | | |
| الهداية (٨ مجلدات) | 1050 | | |
| التبيان (مجلد) | 150 | | |
| تفسير البيضاوي (مجلد) | 200 | | |
| شرح عقود (كرتون مقوي) | 35 | | |
| شرح نخبة الفكر (مجلد) | 90 | | |
| **الصف السادس** | | | مجموعہ |
| تفسير الجلالين (٣ مجلدات) | 700 | | |
| مسند الإمام الأعظم (مجلد) | 240 | | |
| الهداية (٨ مجلدات) | 1050 | | |
| شرح العقائد (مجلد) | 250 | | |
| متن العقيدة الطحاوية (كرتون مقوي) | 13 | | |
| السراجي (كرتون مقوي) | 75 | | |
| الفوز الكبير (كرتون مقوي) | 60 | | |
| خير الاصول (کارڈ کور) | 13 | | |
| ديوان الحماسة (مجلد) | 150 | | |
| متن الكافي (كرتون مقوي) | 35 | | |
| **الصف الخامس** | | | مجموعہ |
| آثار السنن (مجلد) | 200 | | |
| الهداية (٨ مجلدات) | 1050 | | |
| مختصر المعاني (أول، ثاني) (مجلد) | 450 | | |
| الحسامي (مجلد) | 190 | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الهدية السعيدية (مجلد) | 160 | | |
| ديوان المتنبي (مجلد) | 150 | | |
| تلخيص المفتاح (كرتون مقوي) | 65 | | |
| المعلقات السبع (كرتون مقوي) | 70 | | |
| معين الفلسفة (كرتون مقوي) | 45 | | |
| مبادئ الفلسفة (كرتون مقوي) | 28 | | |
| هداية الحكمت (كرتون مقوي) | 40 | | |
| **الصف الرابع** | | | مجموعہ |
| رياض الصالحين (مجلد) | 250 | | |
| نور الأنوار (أول، ثاني) (مجلد) | 450 | | |
| القطبي (مجلد) | 230 | | |
| دروس البلاغة (كرتون مقوي) | 75 | | |
| شرح الجامي (مجلد) | 300 | | |
| المقامات الحريرية (مجلد) | 150 | | |
| **الصف الثالث** | | | مجموعہ |
| كنز الدقائق (٣ مجلدات) | 600 | | |
| أصول الشاشي (مجلد) | 145 | | |
| نفحة العرب (مجلد) | 190 | | |
| شرح تهذيب (مجلد) | 120 | | |
| كافية (كرتون مقوي) | 100 | | |
| آسان اصول فقہ (کارڈ کور) | 35 | | |
| تعليم المتعلم (كرتون مقوي) | 22 | | |
| معين الأصول (کارڈ کور) | 45 | | |
| مبادئ الأصول (كرتون مقوي) | 28 | | |
| **الصف الثاني** | | | مجموعہ |
| مختصر القدوري (مجلد) | 300 | | |
| علم الصيغه (مجلد) | 200 | | |
| هداية النحو (كرتون مقوي) | 60 | | |
| زاد الطالبين (كرتون مقوي) | 33 | | |
| المرقات (كرتون مقوي) | 55 | | |

برائے خط وکتابت: 9-A/1 محمد علی سوسائٹی بالمقابل عوامی مرکز شاہراہ فیصل کراچی۔ 75350
021-37740738, 34541739, 0321-2196170, 0300-8948974

| | | | |
|---|---|---|---|
| هداية النحو (كرتون مقوي) | 75 | | |
| ايساغوجي (كرتون مقوي) | 35 | | |
| تيسير المنطق (كارڈ كور) | 25 | | |
| فوائد مكيه (كارڈ كور) | 30 | | |
| فصول اكبري (كارڈ كور) | 65 | | |
| الصف الأول | | | مجموعه |
| نور الإيضاح (مجلد) | 150 | | |
| شرح مائة عامل (كرتون مقوي) | 15 | | |
| عوامل النحو (كارڈ كور) | 20 | | |
| تاريخ اسلام (كارڈ كور) | 65 | | |
| علم الصرف (كارڈ كور) | 25 | | |
| علم الصرف (كارڈ كور) | 35 | | |
| علم النحو (كارڈ كور) | 25 | | |
| عربي صفوة المصادر (كارڈ كور) | 40 | | |
| جوامع الكلم (كارڈ كور) | 13 | | |
| جمال القرآن (كارڈ كور) | 25 | | |
| صرف مير (كارڈ كور) | 45 | | |
| نحو مير (كارڈ كور) | 30 | | |
| تيسير الابواب (كارڈ كور) | 35 | | |
| ميزان ومنشعب (كارڈ كور) | 35 | | |
| المنهاج في القواعد والإعراب (مجلد) | 140 | | |
| متوسطه سال اول، دوم، سوم | | | مجموعه |
| بہشتی گوہر (کارڈ کور) | 110 | | |
| تعلیم الاسلام (مکمل) (مجلد) | 80 | | |
| تسہیل المبتدی (کارڈ کور) | 22 | | |
| عربی زبان کا آسان قاعدہ (کارڈ کور) | 20 | | |
| فارسی زبان کا آسان قاعدہ (کارڈ کور) | 25 | | |
| نام حق (کارڈ کور) | 15 | | |
| کریما (کارڈ کور) | 15 | | |
| پند نامہ (کارڈ کور) | 28 | | |
| تیسیر المبتدی (کارڈ کور) | 20 | | |
| دراسات دينيه سال اول، دوم، سوم | | | مجموعه |
| بہشتی زیور (تین حصے) (مجلد) | 220 | | |
| عربی کا معلم (اول) (کارڈ کور) | 35 | | |
| عربی کا معلم (دوم) (کارڈ کور) | 35 | | |
| عربی کا معلم (سوم) (کارڈ کور) | 50 | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عربی کا معلم (چہارم) (کارڈ کور) | 65 | | |
| کلید جدید (مفتاح) عربی کا معلم (کارڈ کور) | 80 | | |
| علم الصرف (اولین) (کارڈ کور) | 25 | | |
| علم الصرف (آخرین) (کارڈ کور) | 35 | | |
| علم النحو (کارڈ کور) | 25 | | |
| عوامل النحو (النحو) (کارڈ کور) | 20 | | |
| شرح مائة عامل (کرتون مقوی) | 15 | | |
| آداب المعاشرت (کارڈ کور) | 20 | | |
| حیات المسلمین (کارڈ کور) | 50 | | |
| تعلیم الدین (کارڈ کور) | 35 | | |
| تعلیم العقائد (کارڈ کور) | 30 | | |
| العالمية (بنات) | | | مجموعه |
| الصحيح لمسلم (٧ مجلدات) | 1200 | | |
| الجامع للترمذي (مجلد) | 1200 | | |
| العالية (بنات) | | | مجموعه |
| مشكاة المصابيح (٤ مجلدات) | 780 | | |
| خير الاصول (كارڈ كور) | 13 | | |
| الهداية (٨ مجلدات) | 1050 | | |
| السراجي (كرتون مقوي) | 75 | | |
| دروس البلاغة (كرتون مقوي) | 75 | | |
| المقامات الحريرية (مجلد) | 150 | | |
| الثانوية الخاصة (بنات) | | | مجموعه |
| أصول الشاشي (مجلد) | 145 | | |
| هداية النحو (كرتون مقوي) | 75 | | |
| هداية النحو (كرتون مقوي) | 60 | | |
| سير صحابيات (كارڈ كور) | 65 | | |
| تسهيل الضروري (مکمل) (مجلد) | 300 | | |
| رياض الصالحين (مجلد) | 250 | | |
| الثانوية العامة (بنات) | | | مجموعه |
| زاد الطالبين (كرتون مقوي) | 33 | | |
| بہشتی زیور (تین حصے) (مجلد) | 220 | | |
| تاریخ اسلام (کارڈ کور) | 65 | | |
| علم الصرف (کارڈ کور) | 35 | | |
| عوامل النحو (کرتون مقوی) | 20 | | |
| | | | مجموعه |
| | | | |

| دیگر کتب (غیر درسی) | | | |
|---|---|---|---|
| منزل درمیانہ / جیبی (کارڈ کور) | 5/8 | | |
| الحزب الاعظم (مہینے کی ترتیب پر) (مجلد) | 60 | | |
| الحزب الاعظم (ہفتے کی ترتیب پر) (مجلد) | 60 | | |
| الحزب الاعظم (جیبی) (کارڈ کور) | 45 | | |
| الحزب الاعظم (جیبی) (کارڈ کور) | 45 | | |
| حصن حصین (مجلد) | 150 | | |
| اعمال قرآنی (کارڈ کور) | 65 | | |
| فضائل اعمال (مجلد) | 200 | | |
| فضائل صدقات (مجلد) | 250 | | |
| منتخب احادیث (مجلد) | 200 | | |
| حیاۃ الصحابہ رضی اللہ عنہم (اردو) (مجلد) | 750 | | |
| اکرام مسلم (کارڈ کور) | 45 | | |
| فضائل درود شریف (کارڈ کور) | 75 | | |
| فضائل علم (کارڈ کور) | 65 | | |
| فضائل حج (کارڈ کور) | 120 | | |
| معلم الحجاج (کارڈ کور) | 120 | | |
| النبی الخاتم ﷺ (کارڈ کور) | 50 | | |
| سیرت سید الکونین خاتم النبیین ﷺ (کارڈ کور) | 50 | | |
| رسول اللہ ﷺ کی نصیحتیں (کارڈ کور) | 30 | | |
| علیکم بسنتی (کارڈ کور) | 30 | | |
| خلفائے راشدین (کارڈ کور) | 80 | | |
| امت مسلمہ کی مائیں (کارڈ کور) | 70 | | |
| تبلیغ دین امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ (کارڈ کور) | 100 | | |
| اکرام المسلمین / حقوق العباد... (کارڈ کور) | 35 | | |
| الانتباہات المفیدۃ (کارڈ کور) | 35 | | |
| علامات قیامت (کارڈ کور) | 50 | | |
| حیلے اور بہانے (کارڈ کور) | 65 | | |
| خطبات الاحکام (مجلد) | 90 | | |
| روضۃ الادب (کارڈ کور) | 40 | | |
| زاد السعید (کارڈ کور) | 20 | | |
| جزاء الاعمال (کارڈ کور) | 25 | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الحجامہ (جدید ایڈیشن) (کارڈ کور) | 90 | | |
| اسلامی سیاست (کارڈ کور) | 100 | | |
| آداب معیشت (کارڈ کور) | 20 | | |
| بہشتی زیور (مکمل) (مجلد) | | | |
| فضائل امت محمدیہ ﷺ (کارڈ کور) | 40 | | |
| جواہر الحدیث | 100 | | |
| اعجاز القرآن | | | |
| نیک بیبیاں | | | |
| قرآن مجید پندرہ سطری (حافظی) (مجلد) | زیر طبع | | |
| پنج پارہ (کارڈ کور) | | | |
| تفسیر عثمانی (۲ جلدیں) (مجلد) | 700 | | |
| تفسیر بیان القرآن (مجلد) | زیر طبع | | |
| پنج سورہ (کارڈ کور) | 10 | | |
| نورانی قاعدہ درمیانہ / بڑا (کارڈ کور) | 16/8 | | |
| رحمانی قاعدہ درمیانہ / بڑا (کارڈ کور) | 16/8 | | |
| بغدادی قاعدہ درمیانہ / بڑا (کارڈ کور) | 16/8 | | |
| سورہ یس (کارڈ کور) | 5 | | |
| عم پارہ (درسی) / بڑا (کارڈ کور) | 16/8 | | |
| آسان نماز جیبی / بڑی (کارڈ کور) | 12/8 | | |
| نماز حنفی (جیبی) (کارڈ کور) | 20 | | |
| نماز مدلل (کارڈ کور) | 70 | | |
| آئینۂ نماز (کارڈ کور) | 35 | | |
| مناجات مقبول (درمیانہ) (کارڈ کور) | 50 | | |
| مسنون دعائیں (جیبی) (کارڈ کور) | 25 | | |
| لسان القرآن (اول تا سوم) (مجلد) | 760 | | |
| مفتاح لسان القرآن (اول تا سوم) (کارڈ کور) | 390 | | |
| النحو الواضح (الابتدائیہ، الثانویة) (مجلد) | 170/130 | | |
| تیسیر مصطلح الحدیث (مجلد) | 130 | | |
| البلاغة الواضحة (مجلد) | 165 | | |
| دائمی نقشہ اوقات نماز سندھ (کارڈ کلینڈر) | 30 | | |
| دائمی نقشہ اوقات نماز پنجاب (کارڈ کلینڈر) | 30 | | |
| دائمی نقشہ اوقات نماز خیبر پختونخواہ | 30 | | |

محترم جناب حضرت مہتمم صاحب / ناظم صاحب / صدر مدرس صاحب مد ظلہم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

اگر آپ کے شہر میں مکتبۃ البشری کی مطبوعات دستیاب نہیں ہیں اور آپ یہ چاہتے ہیں کہ حضرات اہل علم، طلبہ، طالبات ان مطبوعات سے استفادہ کریں تو اس کے لیے اپنے شہر کے معروف واحسن معاملہ کرنے والوں کو ادارہ کی طرف متوجہ فرمائیں۔ جزاکم اللہ في الدارین خیراً

اللہ تعالی ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ والسلام انتظامیہ مکتبة البشری

# مکتبۃ البشریٰ

شعبہ نشر و اشاعت

چودھری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کراچی پاکستان

**Web:** maktaba-tul-bushra.com.pk, .ibnabbasaisha.edu.pk **E-mail:** al-bushra@cyber.net.pk

## بحمدہ تعالیٰ قرآن کریم، درسِ نظامی و دیگر دینی مطبوعات

## • عمدہ کاغذ • رنگین طباعت • اعلیٰ جِلد • مناسب قیمت

### ہمارے تقسیم کنندگان

مندرجہ ذیل کتب خانوں سے اہلِ مدارس و تاجر حضرات 10% خصوصی رعایت کے ساتھ کتب حاصل کر سکتے ہیں۔

**کراچی مکتبۃ البشریٰ 021-37808792,34541739,37740738 0321-2196170**

| | | |
|---|---|---|
| حیدرآباد بیت القرآن | 022-3640875 | 0321-3046331 |
| سکھر بخاری کتاب گھر | 071-5624095 | 0300-3124605 |
| نواب شاہ حافظ اینڈ کو | 0244-360623 | 0300-3218211 |
| لاہور مکتبہ الحرمین | 042-37248013 | 0321-4399313 |
| لاہور المصباح | 042-37124656 | 042-37223210 |
| لاہور مکتبہ سید احمد شہیدؒ | 042-37228272 | 0300-4501769 |
| رائے ونڈ مکتبہ صدیقیہ | 0312-4312011 | 0303-5937131 |
| راولپنڈی بک لینڈ | 051-5773341 | 0333-5291768 |
| فیصل آباد مکتبہ اسلامیہ | 041-2631204 | 0321-6607308 |
| گوجرانوالہ والی کتاب گھر | 055-4441613-4 | 0303-4535379 |
| رحیم یار خان مکتبۃ الامۃ | 0303-2647131 | 0321-2647131 |
| رحیم یار خان مکتبۃ الاظہر | 068-5027045 | 0321-9675060 |
| صادق آباد ادارۃ الحرمین | | 0333-7417605 |
| ملتان ادارہ اشاعت خیر | 061-4514929 | 0300-7301239 |
| ساہیوال مکتبہ رشیدیہ | 040-4228860 | 0300-9691969 |
| سرگودھا مکتبہ سراجیہ | 0483-226559 | 0333-9810455 |
| سیالکوٹ برہان بک ڈپو | 0523-240025 | 0345-6700029 |
| وہاڑی مکتبہ فاروقیہ | 0333-6065631 | 0300-7722717 |
| جھنگ مکتبہ حبیبیہ | 0312-6340911 | 0334-6340911 |
| جوہرآباد دینی کتب خانہ | 0454-722954 | 0300-6077954 |
| چکوال کشمیر بک ڈپو | 0543-541148 | 0333-5784529 |
| بہاولپور مکتبہ مدنیہ | 0301-7512074 | 0300-4944562 |
| علی پور مکتبہ منظور الاسلامیہ | 066-2700172 | 0303-6585871 |

| | | |
|---|---|---|
| پشاور دارالاخلاص | 091-2567539 | 0300-5831992 |
| مینگورہ مکتبہ فاروقیہ | 0946-729070 | 0334-9332330 |
| کوہاٹ مکتبہ دیوبند | 0922-512174 | 0333-9626980 |
| ڈی آئی خان مکتبۃ احمد | 0966-716552 | 0314-6927350 |
| بونیر مکتبہ حبیبیہ | 0939-555101 | 0333-9691387 |
| ایبٹ آباد مکتبہ اسلامیہ | 0992-340112 | 0333-5033239 |
| مانسہرہ مدنی کتب خانہ | 0300-5624372 | 0302-5621433 |
| اکوڑہ خٹک مکتبہ علمیہ | 0923-630594 | 0333-9049359 |
| بنوں مکتبہ صمدیہ | 0928-614002 | 0333-9725456 |
| مردان مکتبۃ الاحرار | 0937-871837 | 0321-9872067 |
| چارسدہ کتب خانہ رشیدیہ | | 0333-9409467 |
| تیمرگرہ دینی کتب خانہ | 0301-8520215 | 0945-821168 |
| نوشہرہ ادارۃ العلم | 0321-9777171 | 0321-9746859 |
| کوئٹہ مکتبہ رشیدیہ | 081-2662263 | 0333-7434142 |
| خضدار مکتبہ فاروقیہ | 0848-413087 | 0333-7995461 |
| مستونگ مکتبہ رحمانیہ | | 0332-7857861 |
| ژوب مکتبہ عبدالعزیز | | 0302-3845601 |
| کچلاک دیوبند کتب خانہ | | 0345-8376337 |
| پشین مکتبہ ادارۃ الاشرف | | 0300-3885622 |
| لورالائی مکتبہ رشیدیہ | | 0824-410965 |
| وانا جدید کتب خانہ | | 0965-212510 |
| چمن مکتبہ حقانیہ | | 0334-6587208 |
| چمن مکتبہ دارالنصر | | 0343-7474777 |

برائے مدارس: مندرجہ بالا کتب خانوں سے شش کلمے، نماز کی مکمل ترتیب اور قاعدہ کی تختی کے کارڈ مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

تھے بلکہ شاعر گر تھے، عربی میں ان کی نثر کے جو نمونے ملتے ہیں وہ اس پر گواہ ہیں کہ وہ عربی زبان پر حاکمانہ قدرت رکھتے تھے۔ انہیں تفسیر سے بھی ذوق تھا، کلام اللہ کے حافظ تھے، فقہ اور اصول فقہ کی کتابیں وقت کے بہترین علماء سے پڑھی تھیں، حدیث نبوی کی سماعت ایسے بزرگوں سے کی تھی جنہوں نے مشارق الانوار کے جامع رضی الدین حسن صغانی سے براہ راست سند حاصل کی تھی۔ تصوف میں شیخ شہاب الدین سہروردیؒ (م:۶۳۲ھ) کی تصنیف ''عوارف المعارف'' کا درس حضرت گنج شکرؒ سے لیا تھا۔ عقائد کے موضوع پر ابوشکور بلخی کی ''تمہید المہتدی'' سبقاً سبقاً پڑھی تھی۔ یہ وہ علمی کمالات تھے جو ہر صاحبِ ملفوظ کی شخصیت میں جمع نہیں ہوتے، ان کا پرتو ہمیں فوائد الفواد میں نظر آرہا ہے۔ اس کتاب میں موضوعات کا جو تنوع ہے وہ کسی دوسرے مجموعے میں شاید ہی مل سکے۔ فوائد الفواد کے متنوع میں سے سے چند یہ ہیں:

(۱)..... تفسیر (۲)..... حدیث (۳)..... فقہ (۴)..... اصول فقہ (۵)..... تاریخ (۶)..... سیرت..... (۷)..... سیر الاولیاء (۸)..... ملفوظات مشائخ (۹)..... تصوف (نظری) (۱۰)..... تصوف (عملی) (۱۱)..... اعمال (۱۲)..... عبادات (۱۳)..... اوراد (۱۴)..... آداب المریدین (۱۵)..... آداب الصوفیہ (۱۶)..... تزکیۂ نفس (۱۷)..... اخلاقیات (۱۸)..... اصطلاحات صوفیہ (۱۹)..... فلسفہ (۲۰)..... منطق (۲۱)..... آدابِ معاشرت (۲۲)..... تعبیر رؤیا (۲۳)..... حکایات مشائخ (۲۴)..... اصول عقائد (۲۵)..... ادب وشعر (۲۶)..... سماع (۲۷)..... لغت اور فقہ اللغۃ (۲۸)..... وعظ وتذکیر (۲۹)..... تمثیلات (۳۰)..... لطائف۔

ان کے علاوہ بھی فوائد الفواد میں بہت کچھ موجود ہے۔ یہ تو وہ جواہر ہیں جو ہم جیسے ظاہر بین لوگوں کو نظر آرہے ہیں، اس میں حکمت ومعرفت، عشق ومحبت، مشغولیِ باطن اور روحانی نعمتوں کے جو اسرار ہیں، ان سے صاحبانِ نسبت حسب توفیق فائدہ اٹھاتے رہے ہیں۔ اس کتاب کو اگر غور وفکر کے ساتھ پڑھا جائے تو یہ ایسا ہی اثر کرتی ہے جیسے کوئی شخص حضرتؒ کی خانقاہ میں چھ ماہ تک مسلسل زیر تربیت رہا ہو۔

فوائد الفواد کے مطالعے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حضرت علیہ الرحمۃ مجلس میں شرکا کی ذہنی استعداد کے لحاظ سے گفتگو فرماتے تھے، اگر مجلس میں علماء موجود ہوتے تو، آپ کی گفتگو علمی اور باریک مباحث پر مشتمل ہوتی۔ بہت سی مجالس میں علم حدیث کے حوالے سے مباحث ہیں جس سے ان کے علم حدیث میں وسعت مطالعہ اور حدیث فہمی کا پتہ چلتا ہے۔

**علم حدیث میں وسعت مطالعہ:**..... حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ سے حاضرین مجلس حدیث کے متعلق سوال کیا کرتے تھے کہ یہ حدیث ہے یا نہیں؟ آپ علیہ الرحمۃ برجستہ ان سوالات کا جواب دیتے۔ اس سے آپ علیہ الرحمۃ کے وسعت مطالعہ کا اندازہ ہوتا ہے۔ ایک مجلس میں آپ علیہ الرحمۃ تشریف فرما تھے، اس مجلس میں مولانا سراج الدین حافظ بدایونی بھی حاضر تھے، انہوں نے سوال کیا کہ کیا یہ حدیث ہے؟

''من لیس له شیخ فشیخه ابلیس ''یعنی ''جس کا کوئی پیر نہیں ہوتا اس کا پیر شیطان ہوتا ہے''۔

خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا: یہ مشائخ کا قول ہے۔

مولانا سراج الدین نے پھر پوچھا: "من لم یر مفلحا لا یفلح ابدا "یعنی" جو کسی فلاح پہنچانے والے کو نہیں دیکھتا، وہ کبھی فلاح کو نہیں پہنچتا"۔

حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا: یہ بھی مشائخ کا قول ہے۔

ایک مرتبہ آپ علیہ الرحمۃ ایک مجلس میں تشریف فرما تھے کہ اسی دوران آپ کے سامنے کھانا لایا گیا۔ اس میں چاول بھی تھے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ کیا: "الارز منی" چاول میری جانب سے، یہ حدیث ہے؟

حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے فرمایا:...... ہاں، ہوا یہ تھا کہ ایک مرتبہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے کھانا تیار کیا، ہر شخص نے کوئی چیز اپنے ذمے لے لی، ایک نے کہا: "اللحم منی" (گوشت میری طرف سے)، دوسرے نے کہا: "الحوائج منی" (مصالحہ میری طرف سے)، ہر شخص نے اسی طرح کچھ نہ کچھ کہا۔ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: "الارز منی" (چاول میری طرف سے)۔

ایک مرتبہ ایک مجلس میں تشریف فرما تھے کہ حاضرین میں سے ایک شخص نے سوال کیا کہ یہ حدیث "صاحب الورد ملعون و تارك الورد ملعون "یعنی" ورد کرنے والا ملعون ہے اور ورد چھوڑنے والا (بھی) ملعون ہے"، کس طرح ہے؟

آپ علیہ الرحمۃ نے فرمایا:

یہ حدیث ایک خاص شخص سے متعلق ہے جو اہل کتاب میں سے تھا، ہوا یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ فلاں یہودی یا مجوسی ورد بہت کرتا ہے، ان کی اصطلاح میں اس کو "تخمیتا" کہتے ہیں۔ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ و السلام نے جب یہ سنا تو فرمایا: "صاحب الورد ملعون"، اس بات کی خبر اس اہل کتاب کو بھی پہنچ گئی، اس نے اوراد چھوڑ دیئے۔ پیغمبر علیہ السلام نے سنا تو فرمایا: "تارك الورد ملعون"۔

پھر فرمایا:...... بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ حدیث عام ہے، تاویل اس کی یہ جاتی ہے کہ اگر ایک شخص جان بوجھ کر ورد ترک کرتا ہے اور بغیر کسی عذر کے ورد چھوڑ دیتا ہے تو ایسا کرنے والے کے بارے میں کہا جائے گا: "تارك الورد ملعون"، اگر کوئی شخص مثال کے طور پر قوم کا سردار ہو کہ اس کے پاس لوگوں کا آنا جانا لگا رہتا ہو اور مسلمانوں کے کام اس کے احکام کے تحت ہوں اور وہ بیٹھا وظیفہ پڑھتا رہے تو ایسے شخص کے بارے میں کہیں گے کہ "صاحب الورد ملعون"۔

**بعض احادیث کی نادر تشریح:**...... حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ اپنے وقت کے محدث تھے، وہ بعض احادیث کی ایسی عمدہ اور نادر تشریح کرتے ہیں کہ جس سے ان کی تبحر علمی، وسعت مطالعہ اور حدیث فہمی کا پتہ چلتا ہے۔ خواجہ حسن دہلویؒ فرماتے ہیں کہ میرے دل میں ایک حدیث تھی، مخدوم کی خدمت میں اسے پڑھ کر سنایا:

"من أحب العلم والعلماء لم یکتب خطیئته": جو شخص علم اور علماء سے محبت کرتا ہے، اس کی خطا نہیں لکھی جاتی۔

پھر میں نے عرض کیا: اس حدیث سے امید ہے کہ علم اور علماء کی محبت کے سبب میرے گناہ نہیں لکھے جائیں گے۔

حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ نے ارشاد فرمایا:...... سچی محبت پیروی ہے، جب کوئی شخص ان کا محبّ ہو جائے گا تو ان کی پیروی بھی ضرور کرے گا اور نامناسب چیزوں سے دور رہے گا، جب یہ ہوگا تو ظاہر ہے کہ اس کے گناہ نہیں لکھے جائیں۔

ایک مرتبہ روزے کی فضیلت کا ذکر ہوا اور آپ علیہ الرحمۃ نے یہ حدیث بیان فرمائی:

"للصائم فرحتان، فرحة عند الافطار وفرحة عندلقاء الملك الجبار"...... روزہ رکھنے والے کے لئے دو فرحتیں ہیں، ایک افطار کے وقت، دوسری فرحت (اللہ) ملک الجبار سے ملاقات کے وقت۔

اس کے بعد فرمایا:...... افطار کے وقت روزہ دار کی یہ فرحت کھانے پینے کی فرحت نہیں ہے، بلکہ روزہ پورا ہونے کی فرحت ہے، یعنی جب روزہ پورا ہو جاتا ہے تو اس کو فرحت ہوتی ہے کہ الحمدللہ مجھ سے یہ چیز پوری ہوئی اور میں دیدار (خداوندی) کی نعمت کا طالب گار رہا۔

اس کے بعد فرمایا:...... ہر طاعت کی ایک جزا (بدلہ) مقرر ہے اور روزے کی جزا نعمت دیدار (الٰہی) ہے، اس لئے روزہ پورا ہونے پر روزہ دار اس نعمت کی امید سے خوش ہوتا ہے، پھر یہ حدیث ذکر کی: "الصوم لی وانا اجزی به"...... روزے میرے لئے ہوتا ہے اور میں اس کی جزا دیتا ہوں۔

حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا کہ یہ حدیث اس طرح بھی سنی گئی ہے: "الصائم لی "روزہ دار میرے لئے ہے۔

حضرت خواجہ علیہ الرحمۃ مسکرا دیئے اور فرمایا کہ پھر تو "انا اجزی له" کہنا چاہئے۔ اس کے بعد ان صاحب کی بات کی اصلاح فرمائی کہ "اجزی به" کی "ب"، "ل" کے معنی میں ہے۔

ایک مرتبہ ایک عزیز نے خدمت میں پھول پیش کئے۔ آپ علیہ الرحمۃ نے اسی مناسب سے فرمایا کہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے:

"حُبّب الیّ من دنیا کم ثلث : الطیب والنساء وقرة عینی فی الصلاة"...... میرے لئے محبوب بنائی گئی تمہاری دنیا میں سے تین چیزیں، خوشبو، عورت اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک جو نماز میں ہے۔

(اس حدیث میں) عورت سے مراد حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں، کیونکہ دوسری بیویوں کی نسبت ان کی جانب رسول علیہ السلام کا میلان زیادہ تھا۔ "قرۃ عینی فی الصلوٰۃ" سے مراد (حضرت) فاطمہ رضی اللہ عنہا ہیں جو اس وقت نماز پڑھ رہی تھیں۔

پھر فرمایا:...... اگر "قرۃ عینی فی الصلوٰۃ" سے "نماز" مراد ہوتی تو نماز کو ان دونوں چیزوں پر مقدم رکھتے۔

**آیات قرآنی اور حدیث میں تطبیق:**...... محدثین وعلماء جرح وتعدیل کے ہاں یہ ضابطہ ہے کہ جب آیت اور حدیث کے درمیان بظاہر تعارض ہو تو وہ ان میں اولاً تطبیق دینے کی کوشش کرتے ہیں تا کہ آیت اور حدیث دونوں قابل عمل رہیں،